سوال

(545) وِتر میں رفع یدین کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول کریم ﷺ نے وِتر میں رفع یدین کا حکم دیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غالباً سائل کا مقصود قنوت وِتر میں رفع یدین ہے۔ قنوت وِتر میں رفعِ یدین کرنا رسولِ اکرم ﷺ سے ثابت نہیں۔ ہاں البتہ بعض سلف سے آثار موجود ہیں۔

ملاحظہ ہو! ''قیام اللیل'' از امام محمد بن نصر مروزی۔ مگر جس طرح حنفیہ وِتر کی دعاے قنوت سے پہلے رفع یدین کرتے ہیں۔ اس کا ثبوت میرے علم میں نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 477

محدث فتویٰ